بابر اعظم کی شاندار سنچری اور عثمان شنواری کی 5 وکٹوں کی بدولت پاکستان نے سری لنکا کو شکست دے دی

- بابراعظم کی ایک روزہ کرکٹ میں 11ویں سنچری
- ٹیم میں کم بیک کرنے والے عثمان شنواری کے 5 شکار
- پاکستان نے سری لنکا کو 67 رنز سے شکست دے دی

لاہور، یکم اکتوبر 2019ء:

قومی کرکٹ ٹیم کے نائب کپتان بابراعظم کی شاندار سنچری اورٹیم میں کم بیک کرنے والے فاسٹ باؤلر عثمان شنواری کی 5 وکٹوں کی بدولت پاکستان نے سری لنکا کو 67 رنز سے شکست دے کر دوسرے ایک روزہ میچ میں کامیابی حاصل کرلی ہے۔306 رنز کے ہدف کے تعاقب میں سری لنکا کی پوری ٹیم 238 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ بارش کے باعث دونوں ٹیموں کے درمیان پہلا میچ منسوخ ہونے کے بعد دوسرے میچ میں کامیابی سے میزبان ٹیم کو سیریز میں 1-0 کی برتری حاصل ہوگئی ہے۔

10 سال بعدنیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری سیریز کے دوسرے ایک روزہ میچ کے آغاز سے قبل قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان سرفراز احمد نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ فخر زمان اور امام الحق پر مشتمل میزبان ٹیم کی اوپننگ جوڑی نے 73 رنز کی شراکت قائم کی۔بائیں ہاتھ کے بیٹسمین امام الحق 31 رنز بنانے کے بعد ایل بی ڈبلیو آؤٹ ہوگئے۔وکٹ کے دوسرے اینڈ پر موجود فخر زمان نے جارحانہ کھیل جاری رکھا ۔ انہوں نے 6 چوکوں اور 1 چھکے کی مدد سے نصف سنچری اسکور کی۔وہ 54 رنز بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔دونوں اوپنرز کو سری لنکا کے اسپنر واہیندو ہسارانگے نے آؤٹ کیا۔

فخر زمان کے آؤٹ ہونےکے بعد قومی کرکٹ ٹیم کے مڈل آرڈر نے ایک بار پھر ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کیا۔ نائب کپتان بابراعظم اور بائیں ہاتھ کے بیٹسمین حارث سہیل نےتیسری وکٹ کی شراکت کےلیے111رنز جوڑے۔ بابراعظم نے اپنے کیریئر کی 11ویں سنچری اسکور کی۔یہ سری لنکا کے خلاف ان کی تیسری سنچری ہے۔ اس سنچری کی بدولت قومی کرکٹ ٹیم کے نائب کپتان نے ایک کیلنڈر ایئر کی 19 اننگز میں ایک ہزار رنز بھی مکمل کرلیے ہیں۔

حارث سہیل 40 اور کپتان سرفراز احمد 8رنز بنا کر آؤٹ ہوئے ادھرتقریباً 4 سال بعد قومی کرکٹ ٹیم میں کم بیک کرنے والے افتحار احمد نے کریز سنبھالتے ہی جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کیا اور 20 گیندوں پر 32 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ 160 کے اسٹرائیک ریٹ سے بیٹنگ کرنے والے افتخار احمد کی اننگز میں 2 چھکے اور 2 چوکے شامل تھے۔میزبان ٹیم نے مقررہ 50 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 305 رنز بنائے۔ سری لنکا کی جانب سے واہیندو ہسارانگےنے 2 جبکہ اشرو اڈانا اور لاہیرو کمارا نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

جواب میں مہمان ٹیم کے بلے باز فاسٹ باؤلر عثمان شنواری کی باؤلنگ کے سامنےبے بس دیکھائی دئیے اور 28 کے مجموعی اسکور پر سری لنکا کی آدھی ٹیم پویلین واپس لوٹ گئی۔ ایسے میں وکٹ کیپر شیہان جے سوریا اور داشن شناکا نے سری لنکا کی جانب سے چھٹی وکٹ کے لیے ریکارڈ پارٹنرشپ قائم کی۔ دونوں کے درمیان 177 رنز کی شراکت نے میچ میں کچھ جان ڈالی تاہم 208 کے مجموعی اسکور پر شیہان جے سوریا 96 رنز بنا کر عثمان شنواری کی گیند پر آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔اگلے ہی اوور میں شاداب خان نےداشن شناکا کو بھی آؤٹ کرکے میچ میں پاکستان کی پوزیشن مزید مستحکم کردی۔ داشن شناکا 68 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جس کے بعد عثمان شنواری نے اشرواڈانا کو آؤٹ کرکے میچ میں اپنی پانچویں وکٹ حاصل کی۔

سری لنکا کی پوری ٹیم 46.5 اوورز میں 238 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔پاکستان کی جانب سے عثمان شنواری نے 51 رنز کے عوض 5 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔شاداب خان نے 2 جبکہ عماد وسیم، محمد عامر اور وہاب ریاض نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر عثمان شنواری کو مین آف دی میچ کا ایوارڈ دیا گیا۔

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان تیسرا ایک روزہ میچ 2 اکتوبر کو نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلا جائے گا۔

– ENDS –